## جنسی تشدد سے متعلق آزادانہ مشیر (ISVA) کیا ہے؟

ISVA ایک تربیت یافتہ ماہر ہے جو ایسے لوگوں کو مشورہ اور تعاون فراہم کرتا ہے جو اپنی زندگی میں کبھی بھی جنسی تشدد یا عصمت دری کا شکار ہوئے ہیں، ہماری ISVA سروس آپ کو اپنے حالات سے نمٹنے کے لیے عملی تعاون کی پیشکش کرسکتے ہیں، اضافی امور ساتھ ہی جذباتی تعاون کی پیشکش کے لیے دوسری ایجنسیوں کا حوالہ دے بھی سکتی ہے۔

ہمارا مقصد آپ کو اعتماد بحال کرنے میں مدد کرنا؛ اپنی صورتحال پر قابو پانے اور آگے بڑھنے کے لیے ضروری تعاون اور معلومات فراہم کرنا ہے۔

ہماری سروس مرد، خواتین اور بچوں کے لیے دستیاب ہے۔ ہم دوسری وکٹم سپورٹ سروسز کے ذریعہ بھی جذباتی تعاون کی پیشکش کرسکتے ہیں۔

ISVAs کو جنسی تشدد کے شکار لوگوں کی ضروریات کے تئیں حساس طریقہ سے ردعمل کرنے کے لیے تربیت دی گئی ہے، اور یہ آپ کو اپنی زندگی کے بارے میں انتخاب کرنے میں تعاون کریں گے اور آپ کو اپنی زندگی کے بارے میں فیصلے کنڑول کرنے کے لیے بااختیار بنائے گا۔

## آپ کا ISVA کیا کرسکتا ہے

ISVA رو برو، ٹیلیفون، ٹیکسٹ یا ای میل سے تعاون فراہم کرسکتا ہے۔ اس میں شامل ہے:

- اپنے اختیارات پر سوچنے میں مدد کے لیے معلومات اور مشورہ
- آپ کے محفوظ ہونے کو یقینی بنانے کے لیے دوسری ایجنسیوں کے ساتھ مل کر کام کرنا
- آپ کی ضروریات کے مطابق باہری ایجنسیوں کو آپ کے بارے میں مطلع کرنا
- آپ کو جنسی صحت یا جنسی صحت کے لیے جینیٹو یوریزی میڈیسن (GUM) کلینک کے ماہرین کے پاس جانے میں مدد کرنا
- نظام فوجداری کی کارروائی میں متاثرین کو تعاون فراہم کرنا اگر آپ رپورٹ کرنا چاہتے/ چاہتی ہیں
- اگر آپ جنسی بدسلوکی کی رپورٹ کرنا چاہتے/ چاہتی ہیں تو، مقدمہ کے مستقل اپ ڈیٹس کے لیے پولیس سے رابطہ رکھنا ہے
- مرد اور خاتون ISVAs تک رسائی
- متاثرین کے جائزہ کے حق کے تحت تعاون فراہم کرنا
- آپ کے ساتھ عدالت جانا اور پوری سماعت میں آپ کی مدد کرنا۔

## آپ کی صحت

ہم آپ کو آپ کی صحت سے متعلق معلومات اور تعاون فراہم کرسکتے ہیں۔ یہاں پر کچھ کلیدی معلومات دی گئی ہیں جو کارآمد ہوسکتی ہیں:

- اگر آپ کی عمر 16 سال سے زیادہ ہے، تو ہسپتال اور ڈاکٹر حضرات کو آپ کو مکمل رازداری کے ساتھ دیکھنا چاہئے اور انہیں تب تک پولیس کو نہیں بتانا چاہیے جب تک آپ ان سے بتانے کو نہ کہیں
- اگر حاملہ ہونے کے بارے میں فکرمند ہیں، تو آپ کو جی پی یا پریکٹس نرس، فیملی پلاننگ سے متعلق کلینکس یا بروک ایڈوائزری سینٹرز کی جانب سے – مشورہ اور مفت میں، فوری علاج حاصل کرسکتی ہیں – جس میں حمل کی جانچ اور ہنگامی امتناع حمل شامل ہے۔ آپ کچھ GUM (جینیٹو-یوریزی میڈیسن) کلینکس اور ہسپتال کے A&E ڈپارٹمنٹس سے ہنگامی امتناع حمل بھی کرواسکتی ہیں۔

## SARC

جنسی حملہ سے متعلق حوالہ مرکز (SARC) ایک خصوصی فسیلیٹی ہے جہاں حال ہی میں عصمت دری یا جنسی بدسلوکی کے شکار فوری مدد اور تعاون حاصل کرسکتی ہیں۔ اس میں فارنسک طبّی معائنہ تک رسائی، جسے تجربہ کار اور مستند ڈاکٹر کے ذریعہ انجام دیا جاتا ہے، اور اگر آپ اس کا انتخاب کرتے/ کرتی ہیں تو، آپ کو کیا ہوا ہے اس بارے میں پولیس سے بات کرنے کا موقع شامل ہے۔

SARC سروسز مکمل طور پر کلائنٹ پر مرتکز ہے۔

SARC میں آمد کے بعد، آپ بحران سے متعلق کارکن (کرائسس ورکر) سے ملیں گی جو آپ کو لاحق کسی بھی فوری تشویشات کے بارے میں نجی طور پر بات کریں گی، SARC کے طریق کار کی وضاحت کریں گی اور آپ کے اختیارات پر بات کریں گی۔ آگے کیا کرنا ہے اس بارے میں آپ کو اپنا ذہن تیار کرنے میں مدد کے لیے وہ آپ کے لیے ضروری تمام معلومات فراہم کریں گی۔ اگر آپ آگے بڑھنے کا انتخاب کرتی ہیں تو آپ کے پاس فارنسک طبّی معائنہ حاصل کرنے کا اختیار دیا جائے گا اور جو کچھ ہوا ہے اس کے بارے میں پولیس کو رپورٹ کرنے کا بھی موقع فراہم کیا جائے گا۔

## ISVA سروس بچے / نوعمر کی مدد کیسے کرسکتی ہے؟

- نوعمر افراد کی مناسب سروسز کے لیے رہنمائی کریں۔
- ہم کسی بھی مخصوص اضطراب اور تشویشات کو حل کرنے کی کوشش کریں گے۔
- ہم اس بات کو یقینی بنائیں گے کہ اسکول یا کالج میں تعاون موجود ہو۔
- ہم جہاں بھی ممکن ہو تعاون دستیاب موجود ہونے کو یقینی بنانے کے لیے سماجی نگہداشت یا دیگر متعلقہ خدمات سے رابطہ کریں گے۔
- ہم ان کے بچوں کا تعاون کرنے کے لیے والدین/ نگرانوں کا بھی تعاون کریں گے۔
- اگر آپ عدالت جاتے ہیں تو ہم آپ کا تعاون کریں گے (اور سماعت سے قبل، دوران اور بعد میں تعاون کی پیشکش کریں گے)۔

# VICTIM SUPPORT

# خودمختار جنسی تشدد سے متعلق مشیر (ISVA)

victimsupport.org.uk

VARC: 0300 303 1971

ویسٹ یارکشائر ISVA سروس:
01274 535432

ہم ایک خودمختار رفاہی ادارہ ہیں جو جرم اور حادثاتی واقعات سے متاثر افراد کو مفت میں، رازدارانہ تعاون فراہم کرتی ہے۔

مزید معلومات اور تعاون کے لیے، ہم سے اس کے ذریعہ رابطہ کریں:

- کال کرکے: سپورٹ لائن **08 08 16 89 111**
- نیکسٹ جنریشن ٹیکسٹ استعمال کرتے ہوئے (اپنے کسی بھی فون نمبر سے قبل **18001** شامل کریں)
- آن لائن: **victimsupport.org.uk**

آپ کس طرح ہماری مدد کرسکتے ہیں یہ تلاش کرنے کے لیے، ملاحظہ کریں
**victimsupport.org.uk/get-involved**

**victimsupport.org.uk**

@VictimSupport
VictimSupport
victimsupport_uk
Linkedin.com/company/victim-support


Published by Victim Support
President HRH The Princess Royal

Victim Support, Ground Floor, Building 3, Eastern Business Park,
Wern Fawr Lane, Old St. Mellons, Cardiff CF3 5EA
Telephone: 020 7268 0200

Charity registration: 298028 Company no: 2158780
Registered in England. Limited by guarantee.
Registered office as above.


Stonewall DIVERSITY CHAMPIONS · disability confident EMPLOYER · Business Disability Forum – Creating a disability-smart world together · Leaders in Diversity Award


August 2022 | P2219 © 2022 Victim Support


## تنوع معنی رکھتا ہے اور ہم اس کی قدر کرتے ہیں

ہم ان متنوع کمیونٹیز کی ضروریات کا تعاون کرنے کے لیے عہدبستہ ہیں جن کی ہم خدمت کرتے ہیں۔ ہم متبادل فارمیٹ پر ترجمان اور معلومات فراہم کرسکتے ہیں۔ اگر آپ کو اضافی ضروریات ہیں تو براہ کرم ہمیں بتائیں تاکہ ہم درست تعاون فراہم کرسکیں۔

## دیگر تنظیمیں جو مدد کرسکتی ہیں

- تمام ISVAs ہوم آفس سے منظور شدہ ہیں یا منظوری کے ضمن میں کام کررہے ہیں
- ہمیں حوالہ ملنے کے 48 گھنٹے کے اندر آپ سے رابطہ کیا جائے گا
- درخواست پر شکایات کے طریق کار دستیاب ہیں
- ہماری ISVA سروس جنسی جرم کے مرتکبین کو تعاون نہیں کرتی
- ہماری ویب سائٹ پر لائیو چیٹ دستیاب ہے
**www.victimsupport.org.uk**

### عصمت دری سے متعلق بحران

ٹیلی فون: **0808 802 9999**
**www.rapecrisis.org.uk**

### وکٹم سپورٹ کا مرد کے ساتھ بدسلوکی سے متعلق ہیلپ لائن

ٹیلی فون: **0800 328 3623**

### مرد کے لیے ہیلپ لائن

ٹیلی فون: **0808 800 5005**

ہم آپ کے تاثرات کا خیرمقدم کرتے ہیں۔ اگر آپ ہماری سروس صارف گروپ میں شامل ہونا چاہتے ہیں تو براہ کرم رابطہ کریں۔

## پولیس کو بتانا

- صرف آپ یہ فیصلہ کریں گے کہ آیا پولیس بدسلوکی کی رپورٹ پولیس کو کرنی ہے یا نہیں۔ اگر آپ کو معلوم نہیں ہے کہ کیا کرنا ہے، تو ہم آپ کو بتاسکتے ہیں کہ اس کا کیا مطلب ہے اور آپ کے اختیارات کیا ہیں۔

- اگر آپ چاہتے ہیں تو، آپ حملہ کی اطلاع پولیس کو اسی وقت، بعد میں دے سکتے ہیں، یا بالکل بھی نہیں بتاسکتے ہیں۔ تاہم، اگر حملہ ہونے کے فورا بعد اس کی رپورٹ کرتے ہیں، تو اس سے پولیس کو حملہ کرنے والے کے خلاف طبی ثبوت حاصل کرنے کا موقع مل سکتا ہے جو کہ جرم کی بعد میں اطلاع دینے پر دستیاب نہیں ہوسکتا ہے۔ متبادل طور پر، اگر آپ کے ساتھ گزشتہ سات دنوں کے اندر بدسلوکی ہوئی ہے، تو آپ SARC سے رابطہ کرسکتے ہیں جو پولیس کو رپورٹ کیے بغیر فارنسک شہادت حاصل کرسکتے ہیں۔

- آپ کو اپنے کیس پر کام کرنے والے آفیسر کا نام بتایا جائے گا۔ اگر کسی کو پکڑا جاتا ہے یا الزام عائد کیا جاتا ہے اور آیا اسے ضمانت پر چھوڑا جائے گا یا نہیں اس بابت پولیس آپ کو بتائے گی۔ آپ کو پولیس کو یہ بتانا چاہیئے کہ آیا آپ کو اس بارے میں فکر ہے کہ حملہ کرنے والا آپ کو ہراساں کرے گا یا دھمکی دے گا۔